طوفانی پانی کے تالابوں سے دور رہیں

طوفانی پانی کے تالاب غیر محفوظ ہوتے ہیں!

- بارش کے طوفان کے دوران پانی کی سطح بہت تیزی سے بلند ہو سکتی ہے۔
- طوفان کا پانی آلودہ ہوتا ہے اور یہ تیراکی، کشتی رانی یا ماہی گیری کے لیے موزوں نہیں ہے۔
- کناروں پر پھسلن اور یہ غیر مستحکم ہو سکتے ہیں۔

طوفانی پانی کے تالابوں کے قریب کیسے محفوظ رہیں

- سال کے کسی بھی وقت طوفانی پانی کے تالابوں کے ارد گرد نہ گھومیں اور تیراکی، ماہی گیری یا کشتی رانی نہ کریں۔
- بچوں اور پالتو جانوروں کو کناروں سے دور اور پانی سے باہر رکھیں۔
- تالاب کے قریب چلتے وقت مقررہ پگڈنڈیوں پر رہیں۔
- آگاہ رہیں کہ زندگی بچانے والے آلات کہاں پر دستیاب ہیں۔
- زندگی بچانے والے آلات کے گم ہونے کی اطلاع 311 پر دیں۔



کھلے تالابوں میں اور ساحلوں پر تیراکی کریں!

سٹی آف برامپٹن کی جانب سے پورے برامپٹن میں سوئمنگ پولز اور سپلیش پیڈ مہیا کیے گئے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے

تیراکی کا صفحہ

مجھے سکین کریں

3-1-1

brampton.ca

BRAMPTON

طوفانی پانی کے تالاب سے حفاظت

طوفانی پانی کے تالاب آپ کو، آپ کے گھر، آپ کے محلے اور ماحول کو طوفانی پانی کے بہاؤ سے ہونے والے نقصان سے بچانے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔

طوفانی پانی کا تالاب کیا ہے؟

- وہ قریبی گھروں، سڑکوں، ڈرائیو ویز، پارکنگ کی جگہوں سے طوفانی پانی کے بہاؤ اور برف پگھلنے کے پانی کو جمع کر کے محصور کر لیتے ہیں۔
- طوفانی پانی کا بہاؤ اور برف پگھلنے کے ساتھ مختلف چیزیں تالاب میں چلی جاتی ہیں جیسے سڑک سے نمک، ریت، پالتو جانوروں کا فضلہ، پتے، اینٹی فریز، موٹر آئل، ڈٹرجنٹ اور کوڑا کرکٹ وغیرہ۔
- آلودگی بہہ کر تالاب میں چلی جاتی ہے جو تالاب کے نچلے حصے میں بیٹھ جاتی ہے۔
- تالاب کے اوپر والے حصے سے صاف پانی ہمارے دریاؤں اور ندیوں میں پہنچ جاتا ہے۔
- طوفانی پانی کے تالاب سیلاب اور کٹاؤ کو روکنے کے لیے آہستہ آہستہ پانی چھوڑتے ہیں۔
- درختوں، جھاڑیوں، قدرتی علاقوں، واک ویز اور بیٹھنے کے پلیٹ فارمز کا اضافہ طوفانی پانی کے تالاب کی قدرتی خوبصورتی کو بڑھاتا ہے تاکہ رہائشی اور وزیٹرز اس نظارے سے لطف اندوز ہو سکیں۔

سٹی کیا کام کرتا ہے؟

- سٹی آف برامپٹن میں طوفانی پانی کے لیے 180 تالاب موجود ہیں جو آپ کی اور ماحول کی حفاظت میں مدد دیتے ہیں۔ سٹی ان تالابوں کو درج ذیل طریقوں سے بحال رکھتا ہے:
- تہہ نشین ملبہ کو ہٹانا
- جب محفوظ ہو، تو تالاب کے اندر اور اس کے آس پاس کا ملبہ ہٹانا
- خود رو جڑی بوٹیوں اور پودوں کو ہٹانا
- دروازوں اور والوز جیسی چیزوں کو برقرار رکھنا
- اردگرد کی جڑی بوٹیوں اور پودوں کی دیکھ بھال
- پودوں کو بدلنا
- کٹاؤ کو روکنے کے لیے کناروں کو مستحکم کرنا
- تالابوں کی نگرانی کرنا

آپ کیا کر سکتے ہیں؟

- ہدایاتی علامات پر عمل کریں
- طوفانی پانی کے تالابوں سے باہر اور دور رہیں
- کناروں سے دور رہیں
- ایمرجنسی کی صورت میں 911 پر کال کریں۔
- iOs اور اینڈرائیڈ کے لیے مفت what3words موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں

مجھے سکین کریں

3-1-1

brampton.ca

BRAMPTON